سید اکرام حسین سیکری

(تبصرہ)

اعجاز التواریخ

"فن تاریخ گوئی" ایک عظیم فن ہے۔ مسلمانوں نے اس فن کی عظمت کو چار چاند لگائے اور عظیم وسعت عطا کی ان کے لکھے ہوئے بیشمار قطعاتِ تاریخ، مہارت اور کمال فن کا نادر نمونہ بھی ہیں اور تاریخ ملت کا لازوال سرمایہ بھی۔ اعجاز التواریخ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ پنجاب کی روحانی تاریخ میں ایک خانوادہ طریقت "نوشاہیہ" کے نام سے مشہور ہے۔ اسی عظیم خاندان کی دینی و روحانی اور علمی خدمات، تاریخِ ملت کا پرفخر سرمایہ ہیں۔ اسی سلسلۂ عالیہ کے بہت سے افراد نے جہاں لوگوں کو ہدایت کا راستہ دکھا کر روحانی قوت سے سرفراز کیا وہاں علمی دنیا کو بھی ان کی نگارشات عالیہ سے بے حد فائدہ پہنچا۔ اس عالیشان خاندان کے اہل قلم حضرات نے اپنے اپنے عہد میں مختلف موضوعات پر بہت کچھ لکھا۔ ان کی تصانیف کو اگر جمع کیا جائے تو ایک بے مثل کتب خانہ بن جائے۔ اسی خاندان کے ایک نامور فاضل جناب سید شریف احمد صاحب شرافت نوشاہی ہیں جنھیں اسی خاندان کا "سلطانُ القلم" کہنا زیادہ موزوں ہوگا۔ ان کی مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کل کتابوں کی تعداد دو سو کے قریب ہے۔

زیرِ تبصرہ کتاب بھی ان ہی کے قطعاتِ تاریخ کا ایک مختصر مجموعہ ہے جس کو جناب سید عارف نوشاہی صاحب نے مرتب فرما کر بہت خوبصورت اور دیدہ زیب طباعت سے آراستہ کیا ہے۔ فن تاریخ گوئی مدت سے روبہ زوال ہے۔ گزشتہ چند برسوں سے پھر اس فن کی طرف بہت سے حضرات نے خصوصی توجہ کی ہے۔

زیرِ تبصرہ مجموعے کی قیمت سات روپے ہے اور مکتبہ نوشاہیہ ساہنپال شریف ضلع گجرات (پنجاب) سے حاصل کی جاسکتی ہے۔